KATHY HOCHUL گورنر

فوری ریلیز کے لیے: 1/8/2023

گورنر HOCHUL نے اعلان کیا کہ ٹیمپل پارک کی مٹی کی جامع ٹیسٹنگ سے پتہ چلا ہے کہ پارک عوامی استعمال کے لئے محفوظ ہے چنانچہ یہ پارک اب عوام کے لئے دوبارہ کھول دیا جائے گا

حالیہ رپورٹس کے بعد، ریاستی ایجنسیوں نے پارک کی مٹی میں سیسے کی سطح کے لئے ٹیسٹنگ کی جس سے معلوم ہوا کہ یہ پارک وفاقی اور ریاستی حفاظتی معیارات پر پورا اترتا ہے

صحت، ماحولیاتی تحفظ، اور عوامی خدمات کے محکمے اضافی مقامات اور اگلے اقدامات کا جائزہ لیتے ہیں

ریاست نے ٹیلی کمیونیکیشن کمپنیوں سے سیسے سے بنی ہوئی کیبلز کے متعلق انوینٹری رپورٹس جمع کرنے کا عمل جاری رکھا ہوا ہے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ واپنگر فالز میں واقع ٹیمپل پارک کی مٹی کی جامع ٹیسٹنگ سے پتہ چلا ہے کہ اس پارک میں سیسے کی سطح بچوں کے کھیل کود کے مقامات کے وفاقی اور ریاستی حفاظتی معیارات پر پورا اتر رہی ہے جو عوامی استعمال کے لئے محفوظ ہے چنانچہ یہ پارک اب دوبارہ کھول دیا جائے گا۔ اس پارک کو ایسی میڈیا رپورٹس کے بعد عارضی طور پر بند کر دیا گیا تھا جن میں بتایا گیا تھا کہ ٹیلی کمیونیکیشن کمپنیوں کی جانب سے غیر مستعمل چھوڑی گئی پرانی اوور ہیڈ سیسے والی کیبلز کی وجہ سے اس پارک کی مٹی میں سیسے کی سطح بہت زیادہ بڑھ چکی ہے۔ ریاست کی جانب سے کیے گئے سائنسی تجزیوں میں جو نمونے لیے گئے ان میں اس علاقے میں سیسے کی آلودگی کا کوئی ثبوت نہیں ملا۔ ریاست نیو یارک کی کمیونٹیز میں سیسے سے بنی ہوئی ٹیلی کمیونیکیشن کیبلز کے امکانات کی جانچ متعدد ایجنسیوں کی جانب سے جاری ہے۔

"میری انتظامیہ ہمیشہ یہ امر یقینی بنانے کے لئے فوری کارروائی کرتی رہے گی کہ ہماری کمیونٹیز صحت عامہ کے ممکنہ خطرات کی اطلاعات سے محفوظ رہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "مجھے یہ اعلان کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ ہم نے تصدیق کر لی ہے کہ ٹیمپل پارک عوامی استعمال کے لئے بالکل محفوظ ہے اور ہم اپنی برادریوں کی مسلسل صحت اور حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے اپنی پوری ریاست میں تحقیقات جاری رکھیں گے۔"

اپنی [حتمی رپورٹ](#) میں DOH نے بتایا ہے کہ اس علاقے میں مٹی کے نمونوں کی جانچ میں سیسے کی آلودگی میں اضافے یا وسیع پیمانے پر بڑھی ہوئی آلودگی کا کوئی ثبوت نہیں ملا، اور نتائج سے پتہ چلا ہے کہ پارک کا استعمال کرنے والوں کے لئے صحت عامہ کے کسی خطرے کی موجودگی کا کوئی ثبوت نہیں ملا۔ DOH اور DEC امریکی ماحولیاتی تحفظ ایجنسی (Environmental Protection Agency, EPA) کے ساتھ باہمی تعاون کر رہے ہیں اور انہوں نے واپنگرز فالز کے گاؤں میں واقع پارک کو دوبارہ کھولنے کا مشورہ دیا ہے۔

ریاست نیو یارک کے کمشنر برائے صحت Dr. James McDonald نے کہا ، "محکمہ صحت، محکمہ ماحولیاتی تحفظ، اور ڈچیس کاؤنٹی ڈیپارٹمنٹ آف بیہیوریل اینڈ کمیونٹی ہیلتھ کے ماہرین کی فوری کارروائی کی بدولت، ہمیں یہ اطلاع دیتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے کہ ویپنگرز آبشار میں واقع ٹیمپل پارک عوامی استعمال کے لئے بالکل محفوظ ہے۔ ہم اس بات کا تعین کرنے کے لئے ریاست بھر میں اپنا جائزہ جاری رکھے ہوئے ہیں کہ کیا اس طرح کی تشویش

والے دیگر علاقے بھی ہیں، اور اگر ہیں، تو ہم نیو یارک کے تمام شہریوں کی صحت کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے فوری کارروائی کریں گے۔"

ریاست نیویارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر Basil Seggos نے کہا، "ٹیمپل پارک میں سیسے سے بنی ہوئی پرانی کیبلز کی اطلاعات کے جواب میں نیویارک کی ریاستی ایجنسیوں نے ڈچس کاؤنٹی اور ولیج آف ویپنگرز فالز کے ساتھ فوری شراکت میں کاروائی شروع کی تاکہ نمونے لینے کے جامع منصوبے کو تیزی سے آگے بڑھایا جائے۔ ریاست کی جانب سے لیے گئے نمونوں کے نتائج سے والدین اور ویپنگرز فالز کے رہائشیوں کو ذہنی اطمینان ہو جانا چاہئے کہ پارک میں آنے جانے والے افراد سیسے کے خطرے سے محفوظ ہیں۔ DEC نے محکمہ صحت، محکمہ عوامی خدمات اور مقامی شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام جاری رکھا ہوا ہے تاکہ سیسے سے بنی ہوئی کیبلز سے لاحق ہونے والے ممکنہ خطرات کا مکمل طور پر اندازہ لگایا جائے اور برادریوں اور ماحول کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات کیے جائیں۔"

ریاست نیویارک کے محکمہ برائے عوامی خدمات کے سی ای او Rory M. Christian نے کہا، "عوام کی حفاظت کرنا کمیشن کا بنیادی منشور ہے اور مجھے اس بات پر فخر ہے کہ ریاستی ایجنسیوں اور کاؤنٹی شراکت داروں نے اس منشور کے مقاصد کو پورا کرنے اور کمیونٹی کے خدشات کو کم کرنے کے لئے مطلوبہ ٹیسٹنگ جاری رکھی ہوئی ہے۔ ہم کمیونٹیز اور ماحول کے تحفظ کے لیے ضروری اقدامات کرنے کے لیے اپنے شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کرتے رہیں گے۔"

سیسہ مٹی میں قدرتی طور پر موجود ہوتا ہے اور عموماً مٹی میں سیسے کی سطح 50 سے 400 حصے فی ملین (parts per million, ppm) تک ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ، سیسہ پرانے گھروں کے پینٹ میں، دھول، ہوا، پانی، مٹی، میں اور ہمارے گھروں میں، اور انکے آس پاس استعمال ہونے والی کچھ مصنوعات میں بھی پایا جا سکتا ہے۔ 1980 سے پہلے تعمیر کیے گئے گھروں میں سیسے پر مبنی پینٹ کا استعمال بچوں کے خون میں سیسے کی سطح میں اضافے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ بچوں کے کھیل کود کے علاقوں کے لئے قابل قبول حد EPA کی مٹی سے متعلق رہنمائی کی سطح کے مطابق زیادہ سے زیادہ 400 ppm مقرر کی گئی ہے۔ ٹیمپل پارک اور اسکے آس پاس کے علاقوں میں DEC اور DOH کی جانب سے جمع کیے گئے ایک نمونے کے علاوہ باقی سبھی نمونوں میں سیسے کی سطح اس مقررہ حد سے نیچے تھی۔ صرف ایک مقام پر سیسے کی سطح اس حد سے زیادہ پائی گئی یعنی 410 ppm، لیکن وہ جگہ سڑک کے کنارے تھی اور کھیل کود والے مقامات سے باہر واقع تھی چنانچہ اس سے بچوں یا عام لوگوں کے لئے خطرے کا کوئی مسئلہ درپیش نہیں تھا۔

ٹیمپل پارک اور اس کے آس پاس سے مٹی کے پچیس الگ الگ نمونے لیے گئے تھے جنہیں EPA کا طریقہ کار B7000 استعمال کرتے ہوئے فلیم اٹامک ایبزارپشن اسپیکٹرو فوٹو میٹری تجزیے کے لئے نیو یارک ریاست کے عالمی شہرت یافتہ Wadsworth Center بھیجا گیا تھا۔ حالیہ میڈیا رپورٹس میں جن فیلڈ کوششوں کا حوالہ دیا گیا ان میں پارک میں سیسے کی سطح کا پتہ لگانے کے لئے سائٹ پر اسکریننگ کرنے والا ایسا فیلڈ آلہ استعمال کیا گیا تھا جو ہاتھ میں پکڑا جانے والا آلہ ہے اور جسے XRF مشین کہا جاتا ہے۔ یہ آلہ اسکریننگ کے مقاصد کے لئے تو کارآمد ہوتا ہے؛ تاہم مٹی کے نمونوں کے نتائج کی تصدیق زیادہ درست لیبارٹری تجزیہ کے ذریعے کی جانی چاہئے۔ ریاست نیو یارک نے درخواست کی تھی لیکن انہیں
ف راہم ت جزیہ ل یبارٹری یا ڈیٹا کوئی گیا کیا پر طور کے جزو کے رپورٹس میڈیا حالیہ
ہے۔ گیا کیا نہیں

20 جولائی، 2023 کو [گورنر Hochul نے اعلان کیا تھا](#) کہ ریاست نیو یارک کئی دیگر مقامات پر بھی سیسے سے بنی پرانی کیبلز سے متعلق ممکنہ تشویش کا جائزہ لے رہی ہے۔ DOH, DEC, اور DPS نے ریاست میں 246 ٹیلی کمیونیکیشن تنصیبات پر مبنی فراہم کنندگان کو پورے نیو یارک میں زیرِ زمین اور پانی کے نیچے دونوں اقسام کی ایسی کیبلز کی موجودگی کی فہرست مرتب کرنے کا حکم دیا ہے جن میں سیسہ موجود ہے۔ ٹیلی کمیونیکیشن کمپنیوں پر لازم کیا گیا ہے کہ وہ اگلے چند ہفتوں کے اندر اپنی ملکیت میں موجود سیسے کی حامل ہوائی اور زیر زمین دونوں اقسام کی کیبلز کی مکمل انوینٹری فراہم کریں، چاہے وہ اب سروس فراہم کرنے کے استعمال نہیں کی جا رہی ہوں لیکن انہیں ہٹانے کی کاروائی ابھی کرنا باقی ہے۔

DOH, DEC, اور DPS ان معلومات کو اضافی اقدامات کی ضرورت کا جائزہ لینے کے لئے استعمال کریں گے بشمول مزید تحقیقات کے لئے ترجیح دینے کے لئے کسی بھی حساس مقام کی نشاندہی کرنا، اور وہ ان اقدامات کی پیشرفت سے کمیونٹیز کو بھی باخبر رکھیں گے۔

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418